Joint Press Release on the occasion of 7th India-Suriname Joint Commission Meeting

December 02, 2020

ساتویں ہندوستان - سرینام جوائنٹ کمیشن کے اجلاس کے موقع پر مشترکہ پریس ریلیز

02 دسمبر، 2020

ساتویں ہندوستان- سرینام جوائنٹ کمیشن میٹنگ (جے سی ایم)، 2 دسمبر، 2020 کو ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔ اس کی صدارت مشترکہ طور پر وزیر مملکت برائے امور خارجہ، عالی جناب وی مرلیدھرن اور جمہوریہ سرینام کے وزیر برائے امور خارجہ، بین الاقوامی بزنس اور بین الاقوامی تعاون، عالی جناب امبیسڈر البرٹ آر رامدین نے کی۔ یہ بات چیت ہندوستان – سرینام کے دوستانہ تعلقات کے پس منظر میں پُرجوش ماحول میں ہوئی۔۔

2۔ دونوں وزراء نے سیاسی ڈائیلاگ کو گہرا کرنے، دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لینے، اور علاقائی اور کثیر الجہتی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال میں اس میکانزم ر کی اہمیت پر زور دیا۔

3۔ دونوں فریقین نے اطمینان کے ساتھ اس بات کا تذکرہ کیا کہ بھارت- سرینام تعلقات، اپنے مضبوط ثقافتی اور تاریخی روابط کی وجہ سے، گرم جوشی اور متعدد امور پر اعلی درجے کی مفاہمت اور نظریات کے ملاپ سے روشناس رہے ہیں۔ دونوں وزراء نے تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں باہمی تعلقات میں نئی رفتار لانے پر اتفاق کیا، اس مقصد کے ساتھ کہ دیگر امور کے ساتھ، تخلیقی صنعتوں کے قیام، صحت، روایتی نظام طب، زراعت، کانوں کی کھدائی، توانائی، دفاع، ثقافت اور تعلیم، قونصلر تعاون اور ترقی کی شراکت اور عوام سے عوام کے ما بین تعلقات کو مضبوط بنایا جائے۔

4۔ دونوں وزراء نے جنوب- جنوب تعاون کی روح کے مد نظر اور لائن آف کریڈٹ کے ساتھ ساتھ، مراعات کے تحت ترقیاتی منصوبوں کو شروع کرنے کی اہمیت کو تسلیم کیا۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ سرینام کے ساتھ ہندوستان کی ترقی کی شراکت میں بجلی کی پیداوار اور ٹرانسمیشن نیٹ ورک، عام سپلائی اور پانی کی فراہمی سمیت مختلف شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ دونوں وزراء موجودہ منصوبوں پر جلد عمل درآمد کرنے کے منتظر نظر آئے جس کا مقصد توانائی کی حفاظت، توانائی کی بچت اور سرینام کے توانائی مکس میں مدد فراہم کرنا ہے۔

5- دونوں وزراء نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اصلاحات سمیت بین الاقوامی فورم میں باہمی تعاون کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کیا۔

6- وزراء نے مشترکہ کمیشن کے طریقہ کار کے ذریعے، باہمی تعلقات کو مزید مستحکم اور وسعت دینے کے لئے متعدد امور پر مل کر کام کرنے کا عزم کیا۔

7- اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اگلی جے سی ایم میٹنگ باہمی سہولیت کے تاریخ پر پاراماریبو میں 2022 میں منعقد کی جائے گی۔

نئی دہلی

02 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.